یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ جناب ذوالفقار علی بھٹو وزیر اعظم پاکستان کی ولولہ انگیز قیادت نے ملک کو ترقی پر گامزن کر دیا ہے۔ مگر اس کے برخلاف ملک کی اندرونی صورتِ حال خاص کر سندھ کی صورتِ حال کافی تشویشناک ہو چکی ہے۔ اندرونِ سندھ "سندھو دیش" کا پرچار عام کیا جاتا ہے۔ اور یوں دکھائی دیتا ہے جیسے اس کے پرچار میں خود حکومت سرپرستی کر رہی ہے کیونکہ اس میں ملوث حضرات جو کہ خاص کر سیاسی سندھ پیپلز اسٹوڈنٹ فیڈریشن کے رکن ہیں وہی حضرات پیپلز پارٹی پاکستان سے بھی منسلک ہیں۔ اور یہ حضرات بڑھ چڑھ کر سندھو دیش کا پرچار کرتے ہیں۔ ان کا سندھی زبان میں جو لٹریچر چھپتا ہے اس میں تقریباً ہر صفحہ پر زہریلا مواد شامل ہوتا ہے اور حکومت اس کے خلاف کچھ نہیں کرتی۔ کھلم کھلا غنڈہ گردی، لوٹ مار، جلاؤ اور گھیراؤ عام ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اور سندھ پیپلز اسٹوڈنٹ فیڈریشن کا اب صرف یہی کام رہ گیا ہے کہ وہ لوگوں کو بلیک میل کر کے پیسہ بٹوریں۔ سرکاری اور نیم سرکاری افسروں کو بلا وجہ تنگ کریں اور غیر سندھیوں کے ساتھ انتہائی افسوسناک برتاؤ اور رویہ اختیار کریں۔ اگر یہی صورتِ حال جاری رہی تو اس خطۂ ارض میں کسی کی جان و مال اور عزت و آبرو محفوظ نہ ہوگی۔ کئی ایک مقامی غیر سندھی جو کہ پنجاب اور دیگر جگہ سے آ کر آباد ہوئے انہوں نے وہاں کی زمینات خریدیں اور محنت کر کے ان کو قابلِ کاشت بنایا۔ آج ان کے لیے سندھی اور غیر سندھی کا مسئلہ پیش آ گیا ہے۔ سندھی کاشتکاروں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سرکردہ لوگوں کی سرکردگی میں ان کی زمینات پر قبضہ کر لیا اور ان SETTLE LERS کو بے دخل کر دیا۔ ان لوگوں نے متعدد بار حکومت کو رپورٹ کی اپیلیں کیں مگر کوئی اثر نہیں ہوا۔ سندھ پیپلز اسٹوڈنٹ فیڈریشن کا سابق صدر نورالدین منگریو نے میونسپل کارپوریشن کے میونسپل مجسٹریٹ پر گولی چلا دی۔ اس کے خلاف کیس بنایا گیا۔ مجسٹریٹ صاحب اور دیگر افراد کو تار دیئے گئے لیکن نورالدین منگریو کیس چلانے کے بجائے اس کو پرسنل ریلیشنس آفیسر ممتاز علی بھٹو بنا دیا گیا۔ یہ اور اس طرح کے ہزاروں واقعات روز بروز پیش آتے ہیں۔ سندھ یونیورسٹی حقیقت میں غنڈہ گردی، لوٹ مار اور بدمعاشی کا سب سے بڑا اڈہ ہے۔ جہاں ہر ساری اسکیمیں تیار ہوتی ہیں۔ اور سنا ہے کہ سندھو دیش کے سب سے بڑے حامی جناب شیخ ایاز ایڈووکیٹ کو اس یونیورسٹی کا وائس چانسلر بنا دیا ہے۔ اب خدا ہی حافظ ہے۔ اب آپ ہی بتائیں کہ کیا حکومت ان افراد کی پشت پناہی نہیں کر رہی ہے؟ سندھو دیش کی تحریک اور سندھی غیر سندھی کے جھگڑے میں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین شمس الدین شاہ، سندھ پیپلز اسٹوڈنٹ فیڈریشن کے صدر غلام مصطفیٰ شاہ، پی۔ پی۔ پی۔

(باقی صفحہ پر)

چٹکیاں

(...)

شوکت تھانوی / [illegible]

"مسلمان" ملک میں حسی مذاق کھل کر مشکل سے نظر آتا ہے۔ اس کی بڑی وجہ مذہب کا اثر ہے۔ عیسائیوں کو لے لیجیے۔ بڑے دن پر ہنسنا بولنا اور دوسری خرافات میں پڑنا اور حسی مذاق میں شرکت ہونا عام بات ہے۔

ہندوؤں کے تہوار لے لیجیے کتنے دلچسپ ہوتے ہیں۔ شور، ہنگامہ، حسی مذاق، ہنسنا بولنا، ناچ گانا، جوا، رنگ اچھالنا۔

ایسے تمام مذاہب ہیں کہ یا اس تہوار کے دن مذہب جیسے ایک دن کے لیے کھلی چھٹی دیتا ہے کہ جس طرح سے مرضی آئے لطف اندوز ہو لو۔

مگر جناب اسلام کو لے لیجیے۔ تہوار کا دن آتا ہے، خوشی کا دن آتا ہے تو بجائے اس کے کہ ایک دو وقت کی نماز کم کر دی گئی ہوتی، الٹے دو رکعتیں اور زیادہ پڑھنی پڑتی ہیں!!

تو اس مذہب کی وجہ سے ہمارا حسی مذاق بھی کچھ دب دبا کر رہ گیا ہے۔ اب صاحب شرعی احکامات ہیں کہ ہنسو بھی تو اعتدال کے ساتھ۔ اگر کسی کا ذرا زور سے قہقہہ لگ گیا تو مولوی صاحب کہتے ہیں کہ اعتدال سے ہنسو۔ گویا ہنسنے پر بھی کنٹرول لگ گیا اور جب اس کے لیے بھی میٹر لگوانا پڑ گیا!

ہمارے بچوں کا مولوی، نزدیکی حجام کے پاس ہر جمعہ کی صبح جاتا تھا۔ حجام زندہ دل ہوتے ہی ہیں اور پھر ہم لڑکوں نے چندہ کر کے کچھ پیسے بطور رشوت اس حجام کو دے دیے۔ اس نے اگلے جمعہ کو مولانا کی ایک طرف کی داڑھی دوسری طرف کے مقابلے میں زیادہ گھس دی۔ اب یہ مولوی ہمارا اسکول آیا تو سبھی ہنستے ہنستے دیوانے۔ اب بتایئے صاحب کوئی کیسے اعتدال سے ہنسے؟

ہماری سوسائٹی میں ہنسنے اور خوش ہونے کے مواقع عام طور پر ملتے ہیں مگر اصل میں ہم ان چیزوں کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ نوٹ نہیں کرتے۔

اب ٹھیلکیاں تلنے والا، جب بڑا سنجیدہ سا چہرہ بنا کر دنیا کی سیاست پر لیکچر دینا شروع کرتا ہے تو اس سے لطف اندوز ہونے والے کم رہ گئے ہیں۔

دودھ والا پانی دودھ میں ملا ملا کر جب بیچ کے پیسے نکلتا ہے تو کتنا ہنسنے والا مقام ہے۔

مڈل پاس اردو لکھتے وقت اپنی لیاقت کا رعب جمانے کے لیے مشکل الفاظ کو ٹھونسنے کی کوشش کرتا ہے۔

بازار میں پھل والا سڑے سیب بیچتے ہوئے یہ آواز لگاتا ہے "لڈو ہیں لڈو!"

انگور بیچنے والا صدا لگاتا ہے:

"چمن کا ہے دانہ، انگور لے لو! لینا کا! چمن کا!"

اور لطف کی بات یہ ہے کہ چمن بالکل بنجر علاقہ ہے!

بس ڈرائیور، مسافروں سے چند پیسوں پر تو تڑاخ کر کے کہتا ہے:

"ارے چل چل! اپنی کو سمجھا کیا ہے! ہر کہ کی چیز جیسے حتام جوتی کے نیچے دبائے رکھتا ہوں!"

مسجد میں کبھی دیر سے جانے کا اتفاق تو ضرور ہی ہوا ہوگا۔ اب نمازی صفیں بنائے کھڑے ہیں کہ جناب دیر سے آنے والا جلدی میں داخل ہوا تو نمازی بجائے اس کے کہ سجدے کی جگہ پر نظر ہو جائے، ادھر ادھر نظر جھکائے ہیں۔ سجدوں کے بعد پیش نہ چوہے دوڑتے لگتے ہیں، سڑک پر دوڑنے والے لڑکوں

آتشِ شہرت سے اکثر بڑے مرحلے دیکھے ہیں۔ ان کی بھرمار حیرت انگیز ہوتی ہیں۔ باغ پر لگا بیمار پڑا تو ہا ہوگا۔ دعا ہوگا۔ ناچ اور گانا۔ رقص کبھی کچھ ہو چکا ہے ہونا ہے۔ ہوتی تھی۔

اماں سو برس کا ہے کل کی خبر نہیں ہے۔ بابو! ذرا اچھا دوا تو لا دیں ملیں؟

عطر بیچنے والا اردو کم اور ناز زیادہ بولتا ہے "حضور! یہ ترکی معمولی عطر آپ کی خدمت میں اس ناچیز نے پیش کیا ہے۔ عزت مجھے بڑھ سکتا ہے یہ خادم کسی معمولی چیز کو پیش کرے گی۔ صاحبان! وہ تو نظر دیکھ کر یہ خادم صاحب گیا تھا کہ حضور شاہانہ مزاج اور اعلیٰ گھرانے کی ہستی ہیں۔ واجد علی شاہ کے پسندیدہ عطر کا یہ نسخہ خادم کے باپ دادا کے زمانے سے چلا آ رہا ہے۔ مہک ہے کہ حضور! کبھی جناب والا پر معلوم ہوتا ہے کہ جیسے خوشبو کے بادل آن گھرے ہوں!"

ذکا نزدیک پر جو بورڈ لٹکے لگائے جاتے ہیں وہ کبھی بڑی دلچسپی کا باعث ہوتے ہیں۔ کراچی سے حیدرآباد پرانے روڈ کے راستے پر پولیس کا ایک ہوٹل پڑتا تھا۔ اس پولیس پر شاید مشکل سے ۱۵ روپے کا قرض آیا ہوگا۔ لیکن اس کے سامنے ایک حبشی لیڈر ٹلک رہا تھا اور جس پر ہوٹل کا نام تھا یعنی "دل آرام ہوٹل"! اس بورڈ پر مالک نے کم از کم ۵۰ روپے تو ضرور خرچ کیے ہوں گے۔

ان بورڈوں پر ایک خاص قسم کی اردو لکھی جاتی ہے۔ پڑھنے والوں کی دلچسپی کے لیے یہاں دو بورڈوں کی عبارتیں نقل کرتا ہوں۔ ان سے لطف اندوز ہونے کے لیے ضروری ہے کہ عبارت کو آہستہ آہستہ اور اونچی آواز سے بلند پڑھیں:

قاضی عبدالغفور المتکلم
صدر
تعلیم بالغان و نابالغان
گولی مار نمبر ۲۔ کراچی
مستند نکاح خواں

یہاں مختلف اقسام کے نکاح پڑھانے کا مکمل بندوبست ہے۔

نکاح قسم اول: طرفین اول نکاح خواہ آخر
نکاح قسم دوئم: نکاح اول طرفین آخر
نکاح قسم سوئم یعنی بھنگ کلام حسن نکاح دائمی!
نکاح کلاں: نکاح بالغان عمر کم از کم دس سال!
نکاح از طریقۂ معرفت: ٹیلی فون، چھو منتر کے ذریعے نکاح پڑھانے کا مکمل و شرعی انتظام بھی کیا جاتا ہے۔ خواہ لڑکا یا لڑکی ولایت میں ہوں یا اس ملک میں!
نکاح دیسی: چٹ منگنی پٹ بیاہ!
نوٹ: چھوارے، بتاشہ بہ واسطۂ مولوی صاحب و مستند گواہان کا بھی انتظام کیا جاتا ہے۔
اوقاتِ کار: یکشنبہ تا پنجشنبہ (جمعہ تعطیل) دس بجے شب تا فجر حسبِ ارادہ ہوگا۔

یہ بورڈ اور ہے جو لگا ہوا ہے۔ [illegible] پیچیدہ گیوں پر بھی غور ہوتا ہے:

اصلی حضرت کا نایاب علاج
سو برس کا مستند و مشرقی علاج۔ مدد خفتہ کار۔ ایک ہفتے کے اندر اندر مکمل صحت کی گارنٹی۔ ہر لڑکے کی عمر ۸ ماہ ہو یا اسی سال۔
نوٹ: اس جگہ دھوکہ دہی کا مکمل انتظام بھی کیا جاتا ہے۔

▲▲

ل۔۔۔۔ [illegible]

[illegible]

میرزا رفیع سودا

[illegible]

چھیڑ مت باد بہاری کہ میں جوں نکہت گل
پھاڑ کر کپڑے اکیلا ہی کہیں جاؤں گا

سمجھ کے رکھیو قدم دشت خار میں مجنوں
کہ اس نواح میں سودا برہنہ پا بھی ہے

کیفیتِ چشم اس کی مجھے یاد ہے سودا
ساغر کو مرے ہاتھ سے لینا کہ چلا میں

سودا جو ترا حال ہے اتنا تو نہیں وہ
کیا جانیے تو نے اسے کس آن میں دیکھا

گل پھینکے ہے اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی
اے خانہ بر انداز چمن کچھ تو ادھر بھی

میرزا محمد رفیع نام، سودا تخلص، ۱۷۱۳ء میں دلی میں پیدا ہوئے۔ والد مرزا محمد شفیع بسلسلۂ تجارت کابل سے ہندوستان آئے اور دہلی میں قیام کیا۔ سودا نے لائق استادوں سے تعلیم حاصل کی۔ بچپن سے شاعری کا شوق تھا۔ پہلے سلیمان قلی وداد اور پھر شاہ حاتم کے شاگرد ہوئے۔ خان آرزو سے بھی کسبِ فیض کیا اور انہی کے مشورے سے اردو میں مشقِ سخن شروع کی۔ طبیعت میں شوخی اور جودت تھی۔ بہت جلد شہرت کا غلغلہ بلند ہوا۔ نواب شجاع الدولہ کے طلب کرنے پر ۱۷۷۱ء میں فیض آباد گئے۔ نواب شجاع الدولہ اور نواب آصف الدولہ نے بڑی قدر کی۔ سودا ۱۷۷۵ء میں آصف الدولہ کے ہمراہ فیض آباد سے لکھنؤ آئے اور وہیں ۱۷۸۱ء میں انتقال کیا۔

میرزا سودا نے قریب قریب تمام اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کی ہے۔ لیکن جس چیز کے سبب وہ زیادہ مشہور ہوئے وہ ان کے قصائد ہیں۔ میرزا کی طبیعت میں ظرافت کا عنصر غالب تھا اور فطرتاً ہجو گوئی کے لئے موزوں تھے۔ غزل کے بھی وہ ایک بڑے استاد ہیں۔ ان کا کلام درد، سوز و گداز اور خستگی سے خالی نہیں ہے اور یہ وہ صفتیں ہیں جو غزل سرائی کی جان ہیں۔

جام نو


مداوا

یہ جبر ہے ایک چٹان سی، دریا میں پھینک دیں
دریا کے موتی وسعتِ صحرا میں پھینک دیں
صحرا کی ساری ریت کو بستی پہ ڈال دیں
اور اپنے دل سے ہر غمِ فردا نکال دیں
سب اپنے اپنے جھنڈے نصب کر دیں اس جگہ
گر ہم کبھی پلٹ کر ادھر آئے اور اس
صحرا کی زندہ ریت نے بستی کو کھا لیا
ہر اپنے جھنڈے ہر جگہ لہرا کے پائیں گے
ہم ان کے نیچے پرکھوں کی قبریں بنائیں گے


[illegible]



[illegible] اور جو بالا پیسا ہوا ... اور چھوٹے چھوٹے ... کو سرخ کر کے ... تو اسیں کو تہ ... ایک جھانک ... دلوں کو ابال کر ... ہو دیں۔



[illegible] دولی



افسانہ

تلافی

"طاہرہ بیٹی! پردہ اور ڈاکٹر ہے کے گھر بھی آ رہی ہوں —" بیگم سلیمان نے برقعہ سر پر رکھتے ہوئے آواز دی شام کے چار بج رہے تھے۔ بیگم سلیمان اپنی دونوں بیٹیوں طاہرہ اور راحت کے ہمراہ شاپنگ کے لئے نکل رہی تھیں۔ مگر جب باہر نکلیں تو دروازے میں کھڑی پڑوسن نے روک لیا "اے میری ماں! اب طاہرہ بیٹی کو برقعہ پہنا دو، ماشاء اللہ جوان ہو گئی ہے۔ ایسے پھرتی کچھ اچھی نہیں لگتی۔"

"اللہ نے بیچ میں بیگم سلیمان کو شرمندہ ہونا پڑا۔ آ رہی برقعہ آ سلوا کا ہے کئی بار کہہ بھی چکی ہوں۔ جانے کیسی نا سمجھ ہے پہننے سے گھبراتی ہے۔ دو چار دن اور میں آخر تو پہننے گی ہی!!"

بیگم سلیمان تیز تیز چلتی ہوئی طاہرہ اور راحت سے جا ملیں۔ پڑوسن نے گردن نکال کر (تیز نظروں سے) ان کی طرف دیکھا اور ناک سکیڑتی ہوئی اندر چلی گئی۔

بیگم سلیمان خود بھی دل سے بیٹی کو گھورتی تھیں اور محلے والوں کی سرگوشیوں کو محسوس کر رہی تھیں۔ ان کا بھی خیال ہوتا جا رہا تھا کہ طاہرہ کو اب برقعہ لینا چاہیے۔ راحت تو خیر ابھی چھوٹی تھی عمر کے لحاظ سے بھی اور ویسے بھی اس کو لے پردے کی ابھی ضرورت نہیں تھی لیکن طاہرہ تو اب بیس کی کے آر پار تھی۔ اور سب سے بڑھ کر اس کا نکلتا ہوا قد، ابھرتے نکھرتے خدوخال (اس بات کا احساس دلانے لگے تھے کہ طاہرہ

اپنی اب برقعہ پہننے آ رہا ہے۔ ایسے طاہرہ میں نکلت کے سخت خلاف تھی اور بیٹھ بٹھائے یہ پابندی اسے قطعی ناگوار گی۔ پھر بھی ماں کے کہنے سننے اور کئی بار کے سمجھانے پر وہ رضامند ہو گئی اور برقعہ لینا شروع کر دیا۔

کچھ دن تو یہیں گزر گئے لیکن یہ مستقل پابندی طاہرہ کے لیے ایک طرح کا عذاب بن کر رہ گئی۔ جب شاپنگ میں وہ پہلا سا لطف نہ آتا بازار جاتے وقت تیاری میں ہی گتا۔ یونیورسٹی گھر سے نکلنے میں بھی گھبراہٹ سی محسوس ہوتی۔ غرض طاہرہ کی تو یہ حالت ہو گئی تھی جیسے اچھی بھلی چہکتی پھدکتی چڑیا کو پکڑ کر پنجرے میں بند کر دیا گیا ہو اور وہ حیران و پریشان نکل بھاگنے کی راہ تک رہی ہو۔

"کیا مصیبت ہے ہر وقت پھانسی لگے ہیں۔ اس کے گھر بھی جائے میں سے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھو۔" طاہرہ نے ناگواری سے کہا آخر ایک دن جی کڑا کر کے اس نے اپنے دل کی بات کہہ دی۔

"امی! برقعہ پہننے میں تو حرج ہی کیا ہے! خواہ مخواہ کی مصیبت گلے ڈال دی ہے۔"

"بھئی کیا کروں، لوگ باتیں بناتے ہیں۔ پھر زمانہ بھی کیسا جا رہا ہے، میں بھی تو سنتی ہوں آخر...!!"

"زمانہ کیا کہتا ہے۔ آپ ہی خواہ مخواہ ذکر کر کے بیٹھ جاتی ہیں۔" طاہرہ نے بیگم سلیمان کے گرد سے حرفت کی دیکھتے ہوئے وہ ڈگی فیصلہ سنا دیا کہ یہ بوجھ اس سے نہیں اٹھایا جائے گا۔

بیگم سلیمان سوچ میں پڑ گئیں۔ بیٹی کو کیسے سمجھائیں۔ معاملہ اگر ان کی اپنی رضامندی کا ہوتا تو ممکن ہے طاہرہ کو پہلے دن ہی برقعہ پہننا نہ پڑتا اور بیگم سلیمان بیٹی کی خاطر محلے والوں کی باتیں سننا بھی گوارا کر لیتیں۔ لیکن خیال تو یہ پریشان کن تھا کہ سر بازار جوان بیٹی کی نمائش مناسب نہیں۔ بعض اوقات تو طاہرہ کو گھورتی نگاہیں کسی

چھپن خوبان کے دل میں ہلچل سی پیدا کر دیتی تھی۔

ویسے بیگم سلیمان بیٹیوں کے ہمراہ اب کم ہی بازار جاتی تھیں...

کے بیچ جاتی تھیں ... اس کی وجہ ہے ... کے بغیر وہ مشکل کر ... ان کی طرف ضرورت سے زیادہ توجہ دیتے ہیں اور اسی کی وجہ سے وہ کچھ کبھی رہی تھیں۔

جب سے طاہرہ نے برقعہ کو خیر باد کہا تھا محلے میں سرگوشیاں بڑھ گئی تھیں۔ اسے دیکھتے ہی منہ پر موجود نوجوانوں کی محفل میں قہقہوں اور کھکھارنے کے شور میں اضافہ ہو جاتا۔ لیکن ہوا یوں کہ ایک تہوار شام کو بیگم سلیمان طاہرہ اور راحت کے ہمراہ شاپنگ کے لیے نکلیں تو جب ... بہانے ... کچھ دیر ...

یہ طنز کر رہے گھر ... پائی، جا ... دیر ... بڑا ... کے پیچھے پڑ گئے ... طاہرہ تو خیر محلے کے حالات کو بھی سمجھتی تھی ... نیاز مند تھا ان کی نیچے لگی کا پیوند ... اور ساتھ رنگ کی شلوار زیب تن کیے ... دوپٹہ گلے میں ڈالے ... چوٹی سجائے ایک نئے انداز کے ساتھ مشکل دیتیوں کے جلو میں عجیب شان سے ملاقات کو جا رہی تھیں ...!! اور کچھ بات سے بیگم سلیمان کی اس چابک دستی میں طاہرہ بیٹی کی ساری تپش ... ماند پڑ گئی ہے۔

▲▲

آپ کی صحت

ککڑی

موسم گرما میں مفید ہے

مسلیم آفتاب قریشی

موصوم دلی کے بسنے والے نزاکت بیان اور تشبیہات میں بڑا کمال رکھتے تھے۔ مشرقی تمدن کے اس گہوارہ میں عوام کو بھی ادب و شعر کا بڑا ذوق تھا اور ان کی تشبیہات میں بھی ادبی جھلک ہوتی ہے۔ ایک دفعہ تو خریدار سن کر جھوم جاتا اور بے اختیار داد دیتا۔ ککڑی فروخت کرنے کے جو دلکش اور شیریں آواز کہتے۔ لیلےٰ کی انگلیاں ہیں، مجنوں کی پسلیاں ہیں۔ لے لو ککڑیاں ہیں۔ لیلےٰ کی انگلیوں اور مجنوں کی پسلیاں کی تشبیہ سن کر بعض دوست زیر لب مسکرائیں مگر یہ حقیقت ہے کہ ککڑی کی عمدہ قسم بڑی نازک اور سبک ہوتی ہے، پتلی اور نازک ککڑی زیادہ فائدہ مند ہے۔ ککڑی کا شمار سبز ترکاریوں میں کیا جاتا ہے۔ یہ برصغیر پاک و ہند کے علاوہ دنیا کے مختلف ملک میں ہوتی ہے۔

طبی فوائد

ککڑی (تر) موسم گرما کے لیے بڑی مفید غذا ہے اس کا مزاج سرد تر ہے یہ پیاس کو بجھاتی ہے۔ موسم گرما میں بدن میں حدت اور جلن کو دور کرتی ہے۔ یہ تیزابی مادہ کو بدن سے خارج کرنے میں بے حد موثر ہے خون کے جوش میں فائدہ مند ہے۔ گرمیوں میں صفرا زیادہ ہو جاتا ہے۔ یہ صفرا کی تیزی کو کم کرتی ہے۔ جگر کی گرمی کو دور کرتی ہے۔ اس کا متواتر استعمال گردہ اور مثانہ کی پتھری کو خارج کرتی ہے۔ ککڑی کا خاص فعل یہ ہے کہ پیشاب کے ذریعے جسم کے فاسد مادوں کو خارج کرتی ہے۔ اسے گرمی کے دردوں میں مفید سمجھا جاتا ہے۔

ککڑی میں پانی کا جزو زیادہ ہے۔ اس لیے تجربے سے بعض لوگوں کو تیزابیت یا کسی اور وجہ سے معدہ میں گرانی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس صورت میں ککڑی کا استعمال مفید ہے تیل اور نمک لگا کر ککڑی استعمال کریں۔ موٹی ککڑی مفید نہیں ہے ککڑی کو ہمیشہ نمک لگا کر کھائیں۔ موسم گرما میں ککڑی کھائیں۔ برسات کا موسم آنے پر ککڑی کا استعمال چھوڑ دینا چاہیے۔

ککڑی دوپہر کے کھانے کے ساتھ بھی آپ استعمال کر سکتے ہیں۔ ککڑی کھانے کے بعد پانی پینا اچھا نہیں ہوتا۔ ککڑی کے بیج بڑے مفید ہیں، یہ پیشاب آور ہیں اور جلن کو دور کرتے ہیں۔ ان کا پیسا ہوا سفوف پینے سے رنگ صاف ہو جاتا ہے پیشاب رک جانے کی صورت میں اس کے بیج بے حد مفید رہتے ہیں۔

▲▲

لذتِ طعام

کھٹے بینگن

اشیاء۔ لمبے بینگن ایک پاؤ۔ لہسن دس کلیاں۔ کھوپرا آدھی چھٹانک۔ پیاز ایک عدد۔ سفید زیرہ ایک ٹی سپون۔ ہری مرچ ۴ عدد۔ ہلدی آدھا ٹی سپون۔ ہرا دھنیا تھوڑا سا۔ ثابت دھنیا ایک ٹیبل سپون۔ کلونجی ذرا سی۔ تل ایک ٹی سپون۔ (تل نہ ہوں تو مونگ پھلی کے دس دانے)۔ پسی ہوئی سرخ مرچ دو ٹی اسپون۔ املی آدھ چھٹانک۔ نمک حسب ضرورت۔

ترکیب:۔ پیاز کو باریک باریک آملیٹ کی پیاز کی طرح کاٹ لیں۔ لہسن کی کلیوں کو چھیل کر دو دو کر لیں۔ کھوپرے کو باریک کاٹ لیں۔ پیاز، لہسن، دھنیا، زیرہ، کھوپرا تل ان سب کو باری باری توے پر بھون لیں یہ سب مسالہ باریک سل پر پیس لیں۔ بینگن کو لمبائی سے پتلے پتلے کاٹ لیں۔ مسالہ اور کلونجی بینگن میں ملا دیں۔ املی آدھی پیالی پانی میں بھگو دیں۔ گھی یا تیل اچھا خاصا تیز کر لیں۔ تھوڑا سا سفید زیرہ گھی میں سرخ کریں۔ مع مسالے کے بینگن ڈال کر ڈھکن ڈھانک دیں۔ دو تین منٹ بعد اس کو چلائیں بینگن گل جائیں تو املی کا پانی اس میں ڈال دیں۔ ہری مرچ، ہرا دھنیا، کاٹ کر اس میں ڈال دیں۔ دو چار منٹ پکا کر اتار لیں۔

کوفتہ پلاؤ

قیمہ ایک سیر۔ مرچیں ۹ عدد۔ گرم مسالہ حسب ضرورت۔ چھلے ہوئے چنے تھوڑے سے۔ ادرک تھوڑا سا۔ دو پوتھی لہسن۔ پیاز دو گٹھی۔ گھی میں لال کی ہوئی) اور ایک تولہ چاول۔

ان سب کو باریک پیس لیں پھر قیمہ کو چھیں مگر پانی نہ ڈالیں۔ جب قیمہ پس جائے تو مندرجہ بالا پسا ہوا مسالہ اس میں ملا دیں۔ ۲ عدد انڈے بھی توڑ کر ڈال دیں۔ اور چھوٹے چھوٹے گول کوفتے بنا لیں۔ پھر دو چھٹانک گھی میں ۲ چھٹانک پیاز کو سرخ کر کے تھوڑا سا پانی ڈال کر پیاز کو گلائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو اس میں کوفتے ڈال دیں۔ جب کوفتے سخت پڑ جائیں تو آدھ پاؤ دہی اور ایک چھٹانک ادرک چھیل کر ڈالیں اور بھون لیں۔ پھر اس کے بعد چاولوں کو ابال کر اور انہیں نکال کر پکا لیں۔ اور گھی زعفران ڈال کر دم پہ چھوڑ دیں۔

حق خود اختیاری کے حصول کے لیے جموں و کشمیر کے عوام کی جد وجہد کی بھی مکمل حمایت کی جائے گی

وزیر اعظم بھٹو کے دورۂ چین کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا

پاکستان اور چین کے درمیان سائنسی اور تکنیکی تعاون اور فنی و اقتصادی امداد کے سمجھوتوں پر دستخط ہو گئے

پیکنگ ۔۔۔ (اے پی پی) پاکستان اور چین کے درمیان آج یہاں سائنسی اور ٹیکنالوجیکل تعاون اور فنی اور اقتصادی امداد کے سمجھوتوں پر دستخط ہو گئے۔ دستخطوں کی تقریب وزیر اعظم پاکستان کی چین سے روانگی سے قبل منعقد ہوئی اور دونوں ملکوں کے وزرائے اعظم دستخطوں کی تقریب میں موجود تھے ...

بیرونی ملکوں میں غلبہ حاصل کرنے یا حلقۂ اثر قائم کرنے کی کوششیں ناپسندیدہ ہیں

نو آبادیاتی قوتوں، نسل پرستی اور تسلط پسندی کے خلاف تیسری دنیا کی جد و جہد تاریخی اہمیت کی حامل ہے

پاکستان، بھارت اور افغانستان کے تعلقات میں حالیہ تبدیلیاں خوش آئند ہیں

پیکنگ ۔۔۔ (اے پی پی) عوامی جمہوریہ چین نے ایک بار پھر پاکستان کی قومی آزادی، خود مختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کی جد و جہد میں اس کے عوام کی مکمل حمایت کا یقین دلایا ہے۔ اس کے علاوہ جموں و کشمیر کے عوام کی حق خود ارادیت کے حصول کی منصفانہ جد و جہد کی بھی مکمل امداد و حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ آج وزیر اعظم بھٹو کے پانچ روزہ دورۂ چین کے اختتام پر دونوں ملکوں کے وزرائے اعظم کی طرف سے جو مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا ہے اس میں وزیر اعظم چین نے چین کے اس غیر متزلزل موقف کی توثیق کی کہ تمام چھوٹی اور بڑی اقوام کو ایک دوسرے کی مساویانہ خود مختاری، علاقائی سالمیت اور سیاسی آزادی کا مکمل احترام کرتے ہوئے دوسروں کے اندرونی معاملات میں مداخلت سے احتراز کرنا چاہئے ... سامراجی اور تسلط پسند طاقتوں کے خلاف جاری ہے۔

وزیر اعظم پاکستان نے چینی وزیر اعظم کو بتایا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش میں مکمل مفاہمت ہو گئی ہے اور انہوں نے یقین و اعتماد کا اظہار کیا کہ دونوں ملکوں کے تاریخی روابط علاقے میں امن و آشتی اور ہم آہنگی کے فروغ کے لئے تعمیری عنصر ثابت ہوں گے۔ وزیر اعظم پاکستان نے چین اور بنگلہ دیش کے مابین سفارتی تعلقات کے قیام کا خیر مقدم کیا۔ حکومت چین نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات میں مثبت پیشرفت کا خیر مقدم کیا اور بھارت کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کے سلسلے میں پاکستان کے اقدامات کی تعریف کی۔ وزیر اعظم پاکستان نے چینی وزیر اعظم کو پاکستان اور افغانستان کے ساتھ تعلقات کی موجودہ نوعیت سے آگاہ کیا۔ حکومت چین نے وزیر اعظم بھٹو کے آئندہ دورۂ کابل پر اظہار استحسان کیا اور توقع ظاہر کی کہ اس کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔ وزیر اعظم پاکستان نے جنوبی ایشیا میں ایٹم سے پاک علاقے کے قیام کی پاکستانی تجویز کی حمایت پر وزیر اعظم چین کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعظم بھٹو نے ... انہوں نے اس بات سے بھی اتفاق کیا کہ تیسری دنیا بیدار ہو چکی ہے اور بین الاقوامی امور میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ دونوں وزرائے اعظم میں اس بات پر بھی کامل اتفاق رہا کہ سامراجیت، نو آبادی قوتوں، نسل پرستی اور تسلط پسندی کے خلاف تیسری دنیا کی جد و جہد تاریخ کا ایک ناقابل تسخیر رجحان بن گئی ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک دنیا کے کسی بھی حصے میں کسی ملک یا ملکوں کے گروپ کی جانب سے غلبہ حاصل کرنے یا حلقۂ اثر قائم کرنے کی کوششوں کے سخت مخالف ہیں۔ دونوں جانب سے اس امر پر بھی مکمل اتفاق رائے رہا کہ آزادی، خود کفالت، خود مختاری، مساوات اور باہمی مفاد کے اصولوں کی اساس پر نیا اقتصادی نظام قائم کیا جائے کیونکہ پرانے اقتصادی نظام کے تحت تیسری دنیا کے ملک چند بڑی طاقتوں کے استحصال کا شکار ہو رہے ہیں۔ دونوں ملکوں نے تیسری دنیا کے اتحاد کو مستحکم بنانے اور سامراجی اور نو آبادیاتی طاقتوں کی یادگار پرانے اقتصادی نظام کو تبدیل کرنے کے لیے موثر اقدامات کا فیصلہ کیا۔ دونوں وزرائے اعظم نے ویت نام، لاؤس اور کمبوڈیا کے عوام کی عظیم فتوحات کی تعریف کی۔

وزیر اعظم بھٹو نے وزیر اعظم چین کو بتایا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات معمول پر لانے کے لئے شملہ معاہدے کے تحت متعدد اقدامات کئے گئے ہیں۔ اب صرف جموں اور کشمیر کا مسئلہ حق خود اختیاری کی بنیاد پر اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں حل ہونا باقی ہے جسے دونوں ملک تسلیم کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے مابین پُر امن اشتراک باہمی کی بنیاد پر مکمل تعلقات کی بحالی کے لئے کشمیر کے مسئلے کا منصفانہ تصفیہ ناگزیر ہے۔ وزیر اعظم پاکستان نے اس خواہش کا اعادہ کیا کہ ملک جنوبی ایشیا کی تاریخ میں تصادم کے باب کو ختم کر دینا چاہتا ہے۔ انہوں نے پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش کے لئے دیرپا امن کی ضرورت پر زور دیا تاکہ تینوں ملک اپنی تمام تر توانائی اور وسائل اپنی مادی اور معاشی ترقی پر صرف کر سکیں۔

دونوں ملکوں نے اسرائیل کی صیہونی جارحیت کے خلاف عربوں اور فلسطینیوں کی جد و جہد کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا۔

برطانیہ میں نسلی فسادات کا خطرہ ایشیائی باشندوں کا گھروں سے نکلنا مشکل ہے

حکومت پاکستان کی طرف سے ہاؤلی رپورٹ کی اشاعت پر تشویش کا اظہار

برطانیہ کی نیشنل فرنٹ نے تیگ نے نسلی منافرت کی مہم تیز کر دی

لندن ۔۔۔ (پی پی سی) برطانوی وزارت خارجہ کی خفیہ رپورٹ کی اشاعت کے بعد ایشیائی باشندوں خصوصاً پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش کے تارکان وطن کا بعض شہروں میں گھروں سے نکلنا بند ہو گیا ہے کیونکہ ان کے خلاف ایک بھرپور مہم جاری ہے۔ نیشنل فرنٹ نے نسلی منافرت اس حد تک پھیلا دی ہے کہ کسی وقت بھی نسلی فسادات کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ پاکستانی سفیر ... نے بھی اس رپورٹ کے بارے میں اپنی تشویش سے برطانوی حکومت کو آگاہ کر دیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ اس رپورٹ کی بنا پر پاکستانی تارکان وطن کو پریشان نہ کیا جائے اور ان کے جان و مال کی حفاظت کا پورا پورا اہتمام کیا جائے ...

پاکستانی تارکین وطن ... نے ایک بیان میں ... پاکستانی، بھارتی اور بنگلہ دیشی تارکان وطن کے نمائندوں کا ایک اجلاس طلب کیا ہے جس میں اس رپورٹ سے پیدا ہونے والی صورت حال پر غور کیا جائے گا ...

تاہم کراچی کا ایک وفد وزیر اعظم برطانیہ مسٹر کالیہان سے ملاقات کر کے ان کو ... نسلی فسادات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کرے ... ان کو باہر نکلنا مشکل ہو گیا ہے ...

وزیر اعظم بھٹو بھی ایوان میں موجود تھے

قومی اسمبلی ہال ۔۔۔ (اے پی پی) ... وزیر مسٹر حفیظ اللہ چیمہ نے ریلوے کا سالانہ بجٹ پیش کیا تو اس وقت وزیر اعظم بھٹو بھی ایوان میں موجود تھے۔

ایک رکن کے سوگ میں قومی اسمبلی کا اجلاس ملتوی کر دیا گیا

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پی پی) قومی اسمبلی نے آج اپنے رکن ... کی وفات پر اظہار تعزیت کے طور پر اسمبلی کا اجلاس ملتوی کر دیا ... ان کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا ... وہ صوبہ سرحد کے ممتاز قانون دان اور کئی سماجی انجمنوں کے رکن تھے۔ اور اپنے فرقہ کے لئے سرگرم عمل تھے۔ وہ اقلیتی بورڈ پشاور کے رکن اور ... پشاور کے بورڈ آف گورنرز کے رکن تھے۔







بھاگ کر جائے شادی کی لکیر... اور سفر ڈالا ہے ج... 'پہلی شادی' والی لائن ہے ہی نہیں۔!



آج کل پروفیشنل لیڈر ... شوق پورا کر سکتے ہیں

واجبات ادا نہ کرنے پر الیاس کاشمیری کو گرفتار کر لیا گیا!

لاہور ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) آج یہاں ... انکم ٹیکس کے حکام نے مشہور فلمی اداکار الیاس کاشمیری کو واجبات ادا نہ کرنے کی پاداش میں گرفتار کر لیا ... الیاس کاشمیری کے ذمے ... لاکھ روپے کی رقم بطور انکم ٹیکس واجب الادا ہے جو انہوں نے ادا نہیں کی۔ الیاس کاشمیری کو حراست میں لینے کے لئے تحصیلدار لاہور چودھری عبد القیوم نے وارنٹ جاری کئے تھے۔

وفاقی میزانیہ میں ۲ ارب ۸۰ کروڑ روپے کا خسارہ

مشینری، پٹرولیم کی مصنوعات اور فری لسٹ کی اشیاء کے سوا تمام درآمدات پر مزید دس فیصد ڈیوٹی وصول کی جائے گی؛ ادرک پر دو روپیہ فی پاؤنڈ درآمدی ڈیوٹی عائد کردی گئی۔

ہسپتالی کرسیوں، کاغذ اور کپڑے کے تھیلوں پر سیلز ٹیکس ختم کردیا گیا

تاجروں کی سہولت کے لئے ٹیکسیشن کا ڈھانچہ تبدیل کردیا گیا

وفاقی وزیر خزانہ نے نیا میزانیہ پیش کردیا

[illegible]



وزیر خزانہ رانا حنیف

نئی بجٹ کے اہم نکات

[illegible]

دفاع پر سات ارب ۹۰ کروڑ روپے خرچ کئے جائیں گے

[illegible]

پاکستانی موسیقاروں کا طائفہ کابل پہنچ گیا

جشن آزادی کے سلسلے میں فن کا مظاہرہ کیا جائے گا

کابل — [illegible]

اقوام متحدہ میں پاکستان کے مشن کو بم سے اڑانے کی کوشش

پاکستانی مشن میں دستی بم رکھ دیا گیا تھا جو بروقت ناکارہ بنا دیا گیا، بم ملنے سے ایک روز قبل ٹیلیفون پر پاکستانی مشن کو تباہ کرنے کی دھمکی دی گئی تھی

امریکی پولیس نے اطلاع ملنے کے باوجود حفاظتی انتظامات نہیں کیے

یہودی تنظیموں کی کارروائی پر پاکستان کا اظہار تشویش

مقبوضہ کشمیر میں شیخ عبداللہ اور میر قاسم کے حامیوں میں مسلح تصادم

شیخ عبداللہ کے خلاف ریاست میں زبردست مہم شروع ہو گئی

بھارتی حکومت میر قاسم کو دوبارہ وزیر اعلیٰ مقرر کرنا چاہتی ہے

میر علی بخش تالپور کو فوجی انٹیلی جنس نے گرفتار کیا تھا

پاکستان اردن کی افرادی قوت اور تکنیکی امداد کی ضرورت پوری کرے گا

تعلیم، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں بھی تعاون کیا جائے گا

کھیل کے میدان میں

قومی ہاکی ٹیم دوبارہ اولمپک اعزاز حاصل کر سکتی ہے



پاکستان کی مونٹریال اولمپک ہاکی ٹورنامنٹ میں حصہ لینے والی ہاکی ٹیم کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ یہ ہاکی ٹیم اسلام آباد میں قائم کردہ تربیتی کیمپ سے اختتام پر دو ...

عمدہ کھیل سے سلیکٹروں کو متاثر کیا۔ حنیف کی اعلیٰ کارکردگی کے باعث ہی قلباز ذوالفقار کو ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا۔ اس ٹیم کے دوسرے پندرہ ارکان کا انتخاب حسب توقع ہے۔ جیسا کہ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے اعلیٰ عہدیدار کہتے رہے ہیں ...

... مونٹریال اولمپک کے لئے ہاکی ٹیم کا انتخاب ... میں ہی کر لیا گیا تھا۔ یہ ٹیم گزشتہ تین برسوں میں مختلف بین الاقوامی ٹورنامنٹوں اور بین الاقوامی میچوں میں اپنی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کر چکی ہے۔ اس ٹیم نے کراسٹ چرچ کے بین الاقوامی ٹورنامنٹ سے بلند ٹیم اپنے جوہر دکھانے شروع کئے تھے اس نے اعلیٰ پوزیشن حاصل کی تھی وہ اس کا نقطہ آغاز تھا اور اب اس کا نکتہ عروج مونٹریال اولمپک ہاکی ٹورنامنٹ ہوگا۔ جہاں اسے اپنا کھویا ہوا اولمپک اعزاز دوبارہ حاصل کرنا ہے۔ یہ ٹیم اچھا خاصا بین الاقوامی تجربہ رکھتی ہے۔ اور اس کے کھلاڑیوں میں مکمل ہم آہنگی بھی موجود ہے۔ بہتر نظم اور خوش قسمتی وہ ایسی چیزیں ہیں جو اس کی کامیابی کی ضمانت بن سکتی ہیں ...



رشید جونیئر



صلاح الدین





شہناز شیخ



سمیع اللہ

پاکستان کی

فارورڈ لائن

دنیا میں بہترین ہے



منظور الحسن



اختر رسول



سلیم شیروانی



منور الزمان

افغان حکومت نے اجمل خٹک اور اُن کے ساتھیوں کو جلال آباد میں نظر بند کر دیا

متعدد مفرور باغی بلوچ لیڈروں کو قندھار منتقل کر دیا گیا


وزیر اعظم بھٹو کے دورہ کابل کے سلسلے میں حفاظتی اقدامات

مسلم لیگ عام انتخابات میں اپنے علیحدہ امیدوار کھڑے کرے گی: خان قیوم

کارکنوں کو رکن سازی تیز کرنے اور "لاکھوں افراد کی شمولیت" کے اعلان نہ کرنے کی ہدایت

بنگالی مصور زین العابدین انتقال کر گئے

حضرت علیؓ کے ۱۲ بیٹوں اور نواسوں کے مزاروں کی دریافت



IMPORTANT CHANGES TO RENT REVIEW LEGISLATION

Ontario

EFFECTIVE MAY 21ST, 1976

Residential premises:

جن رہائشی جگہوں کا کرایہ یکم جنوری ۱۹۷۶ء سے آٹھ فی صدی تک بڑھ چکا ہے لیکن ان کی RENT REVIEW کی کارروائی ابھی تک شروع نہیں ہوئی ہے ان کا کرایہ پچھلے آخری اضافے کی تاریخ کے بعد سے بارہ مہینے کی مدت تک مزید بڑھایا نہیں جائے گا۔

Mobile homes:

یکم جنوری ۱۹۷۶ء سے قبل موبائل گھر یا ان کی جگہیں اگر رہائش کے مقصد سے کرایہ پر نہیں لی گئی ہوں تو وہ رہائشی جگہوں کے RENT REVIEW کے قانون سے مستثنیٰ ہیں۔

Periodic tenancies:

اس کی توضیح ہو چکی ہے کہ اس قانون کا اطلاق PERIODIC TENANCIES پر بھی ہوتا ہے۔ (یعنی ایسی جگہیں جو چند ہفتوں یا مہینوں کے لیے کرایہ پر دی جاتی ہیں) خواہ ان کی LEASE تحریری ہو، زبانی ہو یا مشترکہ جاتی ہو۔

Public hospitals and religious institutions:

عوامی ہسپتال اور خریدی ہوئی یا کرایہ پر لی ہوئی ایسی رہائشی جگہیں جن میں مذہبی ادارے بغیر منافع کے امدادی کام کرتے ہوں وہ RENT REVIEW کے قانون سے مستثنیٰ ہیں۔

Federal, Provincial and Municipal Government rental premises:

وفاقی، صوبائی اور بلدیہ کی حکومتیں یا ان کی ایجنسیوں کی خریدی ہوئی یا کرایہ پر لی ہوئی جگہیں کہ جن کا کرایہ آمدنی اور منافع کے حساب سے لیا جاتا ہے وہ RENT REVIEW قانون سے مستثنیٰ ہیں۔ جن خانگی لوگوں پر خریدی ہوئی یا چلائی جانے والی سرمایہ کاری کی جگہوں پر اس قانون کا اطلاق ہوتا ہے۔

Educational Institutions:

بغیر منافع کے چلائے جانے والے تعلیمی ادارے جو طالب علموں یا استادوں کو رہائش کی جگہ مہیا کرتے ہیں وہ بھی اس قانون سے مستثنیٰ ہیں۔ پھر بھی جہاں طالب علموں کی منظم کونسل یا اسٹاف ایسوسی ایشن ہو وہاں کرایہ میں اضافے کی کوشش دینے سے پہلے ادارہ ان سے ضرور مشورہ کرے ورنہ اس استثناء کی صورت کا اطلاق نہیں ہوگا۔ مشورہ کرنے کی تصدیق کا ایک بیان ادارہ کی طرف سے RENT REVIEW آفیسر کو ضرور ملنا چاہیئے۔

اگر کوئی مالک مکان RENT REVIEW آفیسر یا رہائشی جگہوں کے RENT REVIEW بورڈ کے حکم کے مطابق کسی کرایہ دار کو کرایہ کا REBATE دینے کا ذمہ دار ہو تو کرایہ دار کو حق ہے کہ وہ آئندہ کرایہ دیتے ہوئے اپنے REBATE کی رقم منہا کر لے۔

نوٹ فرما لیجیے کہ یکم اگست ۱۹۷۵ء سے اور جولائی ۱۹۷۶ء تک کے دوران واقع ہونے والے RENT REVIEW یا کرایہ داری کے معاہدوں میں کی تبدیلی کے لیے اب ایک نیا فارم (FORM 5A) استعمال کیا جا رہا ہے۔

نئے فارم یا ان تبدیلیوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے اپنے مقامی RENT REVIEW کے دفتر سے رابطہ قائم کیجیے۔ یا آپریٹر کو ZENITH 9-6000 کی کال کیجیے تب آپ مفت RENT REVIEW دفتر سے بات کر سکیں گے۔

Ministry of Consumer and Commercial Relations

Ontario

Hon. William G. Davis
Premier

Hon. Sidney B. Handleman
Minister

اسلامی ملکوں کے معاملات میں بیرونی مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی: شاہ خالد

مشرق وسطیٰ کے ملک پاکستان کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے ۳۹ کروڑ دس لاکھ ڈالر کی امداد فراہم کی ہے

اسلام آباد۔۔۔ (ریپ) پاکستان نے مشرق وسطیٰ کے ممالک سے قرضے حاصل کرنے اور اپنے ترقیاتی اور ترجیحاتی منصوبوں کے لیے مالی امداد کے حصول میں خاصی کامیابی حاصل کی ہے

DEMOCRACY ON TRIAL

Hyderabad
Over a million dollars have gone into preparing the provincial courtroom in Hyderabad where 44 defendants, all members of the now banned National Awami Party and the National Democratic Party are on trial facing charges of sedition, subversion and treason. The courtroom has the appearance of an armed camp where police, federal security force and army personnel flutter about in the hot desert sun.

Early in 1973 the NAP ministry in Baluchistan was accused and dismissed after the discovery of an arms cache in the Iraqi embassy in Islamabad. Despite repeated questioning by Wali Khan in the National Assembly then leader of the opposition, the government could not produce any evidence to justify their charge against NAP. In protest against the undemocratic and unjust dismissal of the NAP ministry in Baluchistan, the NAP - JUI ministry in NWFP resigned. PPP ministries have been inducted in these provinces comprising of either Sardars loyal to the PPP or those members who had even lost their deposits in the 1970 elections.

The National Awami Party was then accused - but not convicted - in the assassination of Sherpao in Feb. 1975, the young chief minister of NWFP and a close supporter of the prime minister. Following this assassination all NAP members were rounded up and thrown into jail.

Between the 1973 incident and 1975 assassination, a number of attempts have been made by Mr. Bhutto to win over Wali Khan and his supporters by offering such posts as the presidency or some federal ministries. All such offers have been turned down by NAP who have stuck to their demand for the re-instatement of the democratically elected governments.

The supreme court case was thus initiated with this in mind and all independent observers have unanimously declared that the court ruled under government pressure and buckled in.

While the current trial is going on in Hyderabad, Mr. Bhutto is attempting backstage negotiations with Wali Khan to drop all charges in return for their relinquishing political ambitions.

Mr. Bhutto is also cashing in on the support and help he has rushed to Afghan earthquake victims to wean away some of NAP supporters from Wali Khan.

It is highly unlikely that Wali Khan would agree to any such deal but either way, he has been effectively barred from the present round of elections which cannot be too far off the corner. Without him the whole process would be 'positively boring' as one Bhutto supporter put it.

Wali Khan is old and may already have been by-passed by younger and more aggressive men in Baluchistan and NWFP. Some have openly declared in Baluchistan that they will not give up their struggle even if their leaders are released. One of them recently said, 'We shall never again allow the Islamabad government to jackboot our rights under any pretext whatsoever,' and went onto to proclaim that they will refuse to negotiate with the Bhutto government until their minimum demands are met. These include the writing in of constitutional guaranties which will defend Baluchistan from 'arbitrary army action' and ensure its status of provincial autonomy.

A student in Peshawar put it more bluntly : 'If we want to establish Pakhtoonistan neither Bhutto nor his army can stop us. But we are fighting for our democratic rights,' and then as if echoing Wali Khan's workds, said, 'we do not need certificates of patriotism from Bhutto. He has many skeletons in his own cupboard!'

The trial going on in Pakistan is therefore highly charged politically and regardless of the outcome three points are a foregone conclusion: the Pakistan judiciary has unequivocally compromised its position and may have driven a nail in its own coffin; Pakistan had virtually become a one-party state and the political atmosphere will get more violent in which the ordinary citizen will be the ultimate loser for whom this whole facade is so far removed from his daily problems of livelihood.

Letters to the editor

Dear Sir,

Your ... timely and revealing. There is a lot of literature floating about on Islam which has been deliberately distorted to confuse the image of Islam.

Your editorial briefly mentioned members from within trying to divide the community. Despite the fact that we are a tiny minority, we have the misfortune of Mir Jafars and Sadiqs in our company even in Canada.

However it is important to concentrate on the main aspect of this campaign and try to get the offensive material removed from Schools' curricula. Getting involved in personalities at this stage will weaken our cause.

May Allah bless you and organisers of this noble campaign.

Yours truly

Barakat Ali

RICH WORLD, POOR WORLD

HABITAT CONFERENCE

INTRODUCTION

Delegates from the 134 countries attended the UN Conference on Human Settlement in Vancouver. While the theme of the conference was clear there were other aspects too that came in for a good deal of discussion. Pure water for everyone by 1990 was one of the targets set by Barbara Ward the British economist whose book set the theme for the conference. However, almost without exception the developed world refrained from committing any specific sum of money towards the $ 3 billion required annually for such a task worldwide. As Barbara Ward pointed out, this is hardly 1% of the total annual expenditure on defense and hence should be within everyone's reach but somehow no specific responsibility has been taken.

THE PREVAILING ECONOMIC ORDER

The present conference is not the first of its kind, nor would it be the last. Only a month ago an UNCTAD Conference was held in Nairobi and the UN translators had to dash off to Vancouver in a hurry to catch up with some of the wisdom being poured out in Canada.

The Environment Conference in Stockholm in 1972 was followed by a Population Conference in Bucharest and a Food Conference in Rome, both held in August 1974. Barely a year ago the Women's International Conference was held in Mexico. In a remarkably similar outcome, almost all conferences pronounced that the present world situation stemmed from the prevelent economic order.

But what is that order?

In a nutshell it boild down to two simple problems:

First as raw-material producing countries the Third World is trapped in an unjust economic system where it gets less and less for its goods while pays larger sums to the industrialized world for manufactured goods.
Where it is able to compete with the developed world in manufactured goods, trade barriers and quota systems prevent it from making any serious headway in industrialized markets.
Second, while only one-third of the world's population lives in the industrialized world, it consumes over 2/3 of all known reserves of world goods and products. It leaves the other two-thirds of mankind to make do with the remaining one third

AID OR TRADE?

The average citizen in the western world is under the impression that people of the Third World are up in arms against the magnitude of aid (or lack of it) given to them by their benefactors. Nothing could be farther from the truth; though it may be a serious debating point among philanthropist westerners.

Third World countries are basically exporters of raw materials which account for almost 80 - 90% of their earnings. In most cases there happen to be just one or two industrialised countries importing these raw materials and it accounts for only 6 - 10% of their imports. While the Third World Countries cannot afford to lose these exports, industrialised countries can easily absorb such minor inconveniences, thereby fixing the prices of such commodities at random. It is not surprising therefore, that prices of items like copper, bauxite and many other raw materials have gone down in real terms. There are twelve basic raw materials excluding oil (we will come to that later) which account for most of the Third World's earnings amounting to about $ 30 billion last year. The total overall earnings on this were over $ 200 billion which would give a net benefit of at least $ 100 billion to the industrialized world from products originating in the Third World! So much for trade; but what about aid?

Aid, to be really effective, would have to be to the tune of $ 30 billion annually to the Third World. The present amounts are too paltry to consider. Besides, all too often aid is given with both political and economic strings attached and is generally used to prop up corrupt, dictatorial regimes in the recipient countries. No less a person than the late Lester B. Pearson pointed out that the donor countries, through high interest rates and services, recover all their aid in less than five years and still have the recipients in greater debt at the end of it. For example Pakistan currently pays out $ 600 million annually for charges and servicing of debts; this is almost half its export earnings for 1974-1975. For the Third World it was $ 10 billion last year.

Also, aid serves another specific purpose which was explained as early as 1924 by Reginald McKenna, the then British Chancellor of the Exchequer, '........And they who control the credit of a nation, direct the policy of governments and hold in the hollow of their hands the destiny of the people.'

OIL FACTS

The western world has maligned the oil-producing countries for raising the price of oil arbitrarily and too quickly. But this situation developed only in the last four years; prior to that the price of oil was kept low quite arbitrarily. Until 1970 the producers were being paid $ 1 per barrel which, following its agreed progression, would be $ 3 per barrel today. But even the big oil corporations agree that the price should be $ 7 per barrel. Not only have the western world and oil corporations cheated oil-producers out of their previous earnings but continue to reap enormous profits even now and still castigate the Arab Sheikhs for their 'greed'.

the

The Third World produces 58 per cent of world's oil but owns only 22.5 per cent of refining capacity; 95 per cent of tanker tonnage is owned by the western countries. In other words, almost all post-extraction benefits of oil go to the western world.

Even the initial increase in the price of oil has meant only 19 per cent more to the producers, anything from 25 to 50 per cent to the consuming governments through taxes etc. and the rest to oil corporations. Standard Oil of New Jersey had a sale of $ 14 billion in 1968; today it is many times over but nobody is screaming 'foul'!

WORLD'S LIMITED RESOURCES

There is much awareness today about the limits to the amount of minerals and other products the earth can produce. the Third World is constantly being told to cut its population growth while North America continues with its 'irresponsible and rapacious extravagance' - as the former Senator Fulbright pointed out.

With less than 5 per cent of the world's population, North America consumes 30 per cent of world's energy., 1400 lb. per person per annum of wheat and wastes food to the value of about $ 4.5 billion annually through left-overs in dinner plates. In the Third World the average consumption of wheat is only 350 lb. per annum.

Western leaders and economists agree that the earths resources cannot sustain the level of living of an average North American yet Garrett Hardin advocates life-boat ethics and gets a huge band of followers.

If the Habitat Conference or any other organisation or body wishes to solve the world's problems, it must address itself to the task of correcting some of these gross injustices otherwise Garrett Hardin would hardly get away in his boat to leave the rest of mankind to drown voluntarily.

HABITAT RESOLUTION ADOPTED

At the concluding session of UN Habitat Conference, a resolution calling on all governments and organisations to provide space for human settlement including that occupied by force, was adopted by 89 votes to 15 with 10 abstentions.

INTRODUCE
FORTNIGHTLY
Crescent
TO A FRIEND

کریسنٹ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

مہذب برطانیہ میں نسلی درندگی!

گزشتہ کچھ عرصہ سے یوں محسوس ہو رہا ہے کہ تہذیب و شائستگی اور اخلاقیات کی اعلیٰ و ارفع اقدار کا علمبردار برطانیہ رجعت قہقری کا شکار ہو کر نسل پرستی کے دور میں داخل ہو رہا ہے اور جمہوری اقدار و شہریت کا گہوارہ ضبط و رواداری، تحمل، انسان دوستی کی خصوصیات ترک کرنے کی بجائے روڈیشیا، جنوبی افریقہ اور امریکہ کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کر رہا ہے۔ یوں تو مہذب برطانیہ میں نسلی منافرت کے جراثیم حقیقتاً نے کوئی ستر اٹھارہ سال پیشتر اپنے منحوس سر اٹھائے تھے لیکن شاید انگریز معاشرہ میں اخلاط و تعامل کی یہ قوت نہیں آئی تھی اور اسے اپنے تقدس و عزت کا کوئی پاس تھا کہ اس مسئلہ پر جلد ہی قابو پا لیا گیا۔ اب حالات اس قدر دگرگوں ہو رہے ہیں کہ شاید وہاں بہت جلد ایک خوفناک نسلی جنگ کا آغاز ہو جائے۔

برطانیہ سے آمدہ اطلاعات سے پتہ چلتا ہے ...

برطانیہ میں ایشیائی نژادوں کے جو لوگ بستے ہیں انہیں مختلف گروہوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ان میں سرفہرست تو وہ طبقہ ہے جسے تارکین وطن کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ روزگار کی تلاش میں جانے والے یہ لوگ گونا گوں مشکلات و مسائل سے دوچار ہونے کے باوجود برطانوی معیشت میں بھی غیر معمولی کردار سرانجام دیتے ہیں۔ دوسرا طبقہ طلباء ریسرچ سکالرز اور ڈاکٹروں کا ہے جو برطانیہ کی یونیورسٹیوں، تکنیکی اداروں، میوزیم لائبریریوں، ہسپتالوں وغیرہ سے استفادہ کرتا ہے۔ یہ طبقہ بھی برطانیہ کی آمدنی میں اضافے کا موجب بنتا ہے۔ تیسرا طبقہ سیاحوں تاجروں وغیرہ کا ہے جو بہت مختصر مدت کے لئے برطانیہ میں قیام کرتا ہے۔ اس طبقہ کی بدولت بھی برطانوی حکومت کو معقول آمدنی ہوتی ہے۔ تارکین وطن نے بلاشبہ حکومت کے لئے کچھ مسائل پیدا کئے ہیں۔ اور ان مسائل سے عہدہ برآ ہونے ...

●●●●●●

حدیث نبویؐ



غصہ بقدر جثہ!

زن فن پارے

اس لئے کرتے ہیں کہ صرف غصہ کے عالم میں ہی ان میں اتنے کی سکت ہوتی ہے اور یہ سکت صرف چند منٹوں کے لئے ہوتی ہے کیونکہ ان کا غصہ ہی چند منٹوں کا مہمان ہوتا ہے۔ غصہ اترتے ہی انہیں اپنے مخالف سے دوبارہ "بھیگی بلی" بنا پڑتا ہے۔ چنانچہ ایسے فریق پر وہ صاحب حملہ کئے جاتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ منہ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کھسکتے بھی جاتے ہیں۔

"مجھے ایک بار ذرا غصہ آئے تو سب سمجھ لوں گا۔" کہتے ہوئے "لوگ ایسے ہی ہیں جو ایسے مواقع پر دہاڑتے سے کام لے جاتے ہیں اور گیدڑ بھبکیوں سے کئے بیٹھے وہ مخالف کے بر مخفی ... دیکھئے صاحب اب کہ آپ زیادتی کے مرتکب ہو رہے ہیں ... دو چار گھونسوں سے آگے نہیں بڑھتی۔

ظاہر ہے یہ سب لوگ ہماری دلی ہمدردی کے مستحق ہیں اور اگر ان کا سوگ یہ ہے کہ کسی آدمی پر ہاتھ نہیں اٹھانا چاہئے اور خاص طور پر ہاتھ اٹھانے سے خصوصاً گریز کرنا چاہئے تو یہ سوگ اتنا ...

ارشادات قائد اعظم

نور بصیرت

عباد الرحمٰن

"سورۃ الفرقان" میں عباد الرحمٰن کی جو صفات ارشاد فرمائیں۔ سورہ بنی اسرائیل میں جو احکام صادر فرمائے۔ سورہ لقمان میں حضرت لقمانؑ کی جو نصائح اپنے بیٹے کو بیان فرمائیں ان سب کا مضمون ملتا جلتا ہے۔ یہ ایک واضح مثال ہے کہ قرآن پاک میں ایک ہی مضمون کو کس طرح ہر بار نئے الفاظ اور نئے اسلوب سے پیش کیا جاتا ہے۔

"سورہ بنی اسرائیل" میں یہ احکامات اس طرح ارشاد فرمائے ہیں۔ (۱) صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔ (۲) والدین سے احسان (حسن سلوک) کرو۔ (۳) قرابت داروں، مسکینوں اور مسافروں کے حقوق ادا کرو۔ (۴) نہ مال اڑاؤ نہ کنجوسی اختیار کرو۔ (۵) اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو۔ (۶) زنا کے پاس نہ پھٹکو۔ (۷) کسی کو ناحق قتل نہ کرو۔ (۸) یتیموں کا مال نہ کھاؤ۔ (۹) عہد پورا کرو۔ (۱۰) ناپ تول پوری کرو۔ (۱۱) بغیر سوچے سمجھے کسی بات کے پیچھے نہ لگ جاؤ۔ (۱۲) اکڑ کے نہ چلو ...

اقبال

اک شعور سے مغرب میں اُجالا نہیں ممکن
افرنگ کے معدن سے ہے سیراب ...
مشرق نہیں گو لذت نظارہ سے محروم
لیکن صفت عالم لاہوت ہے خاموش

ضرب کلیم

کرسینٹ

سعودی عرب مسلمانانِ عالم کے اتحاد کے لیے ۵۰ ارب ڈالر خرچ کریگا

مسلمانوں کی عظمتِ رفتہ کو واپس لانے کے لیے منصوبہ تیار کر لیا گیا

سعودی حکومت شاہ فیصل شہید کی خواہشات کو عملی جامہ پہنائے گی

طلباء نے نئی دہلی میں شامی سفارتخانے پر قبضہ کر لیا

وزیراعظم بھٹو اور صدر داؤد میں مذاکرات

دونوں رہنماؤں میں مذاکرات دوستانہ ماحول میں ہو رہے ہیں

وزیراعظم بھٹو ایک روزہ دورے پر بامیان پہنچ گئے



افغانستان کے صدر داؤد نے گزشتہ شب وزیراعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے اعزاز میں ضیافت دی۔

انٹرنیشنل اولمپک میں حصہ لینے والی پاکستانی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان

عبدالرشید جونیئر کپتان ہوں گے، ٹیم ۲۳ جون کو کینیڈا روانہ ہو گی

افغانستان کو پاکستان سے اور دوستانہ تعلقات

وزیراعظم بھٹو کا دورہ امن کی راہ ہموار کر دے گا

مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی اور دوستی بڑھے گی: افغان اخبارات

لندن میں دو ایشیائی باشندوں کو چھرا گھونپ دیا گیا

برطانیہ بہت جلد نسلی جنگ کی لپیٹ میں آ جائے گا

سفید فام نوجوانوں میں اشتعال بڑھتا جا رہا ہے: برطانوی ماہر کا بیان

اندرا گاندھی افغانستان کا دورہ کریں گی



JULY 1,

CIV
PAK

Islamabad ... a former ... during th... regime ha... istan's an... Mr. Fida... is expect... post shor...

The Indi... appointed... lomat, M...

Toronto ... started w... friday Ju... by a big... day in N... Toronto's... rain on t... not damp... spirit and... good.

Then people... sample th... foods, lis... enjoy trad... dances of... arranged ... Caravan.

Sprawled ... church ha... places, M...

In a high... parliamen... bill to ab... punishmen... carried by... This was ... of the bi... commons ... heated di... pro and a...

The asso... chiefs, m... the bill c... and called... ment's re...